بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ
وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ٥ (سورہ احزاب پارہ ۲۲)

آثار السّادات

مولف و مرتبہ

سید افتخار حسین نسیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کل حسب ونسب ینقطع بیوم القیامۃ الا حسبی ونسبی

قیامت کے دن ہر حسب ونسب قطع کر دیا جائے گا۔

مگر میرا نسب قطع نہ ہوگا۔ (الحدیث)

آثار السّادات

مؤلف و مرتبہ

افتخار حسین نسیم

معاون

اسد النور

سید افتخار حسین نسیم ۲/۶۶۲ شاہ فیصل کالونی،

کراچی

بار اول	اپریل سنہ ۱۹۹۰ء
تعداد اشاعت	پانچسو
کتابت	پاک کتابت گھر کراچی
ناشر	افتخار حسین نسیم
طابع	خرم پریس۔ برنس روڈ کراچی

زیر اہتمام

سید افتخار حسین نسیم

۴/۶۶۲ شاہ فیصل کالونی

کراچی

صفحہ نمبر	غلط	صحیح
۲	کتب وکتباہ	کتب وکتباہ
۳	کتبہ	کتباہ
۳	آسر	آسد
۱۳	ساعی	سماعی
۱۴	قورت	توریت
۱۳	قاتب	ثابت
۱۴	نسیطی	نبیطی
۱۴	نسبطی یا نبیطی	نبتی یا نبطی
۱۸	بنی کیمیلہ	بنی کلکبہ
۳۶	اکبر حسین ابن نواب سید اقبر حسین	اکبر حسین ابن نواب سید اصغر حسین
۳۶	اصغر حسین ابن نواب سید اصغر حسین	نواب سید اقبر حسین ابن نواب سید اصغر حسین

نواب زادہ سیّد خورشید حسین خاں
نبیرۂ نواب تاجُ الدین حسینی خاں

تاج الخوانین منتظم الدولہ عمدت الملک ثابت جنگ
نواب تاج الدین حسین خان وزیر اودھ

رکنُ السلطنت مؤتمنُ الدولہ نظامُ الدین

شہر اللہ عمدۃ الملک نواب شہباز خان

سپہ سالار و گورنر شہنشاہِ ہند جلال الدین محمد اکبر

بن سید صدر الدین
بن
سید بہاء الدین
زکریا ملتان

Nawab - Zada I. H. Naseem
Great Grand Son of
Nawab Tajuddin Husain Khan

احوالِ واقعی (تاریخی جائزہ)

ولید بن عبد الملک اُموی کی خلافت کے زمانہ میں۔ محمد بن قاسم نے ۹۳ھ میں ارض ہند کے جس حصہ پر حملہ کیا وہ حصہ ملک سندھ کہلاتا تھا یہ ایک بڑی سلطنت تھی جس کو عربوں نے فتح کر کے اسلامی حکومت قائم کر لی تھی جس وقت محمد بن قاسم نے اس ملک پر چڑھائی کی یہاں راجہ داہر حکمراں تھا۔ جو اس لڑائی میں مارا گیا۔ اس زمانہ کے ملک سندھ میں (۱) تمام مشرقی افغانستان (۲) مکران (۳) مکمل بلوچستان کشمیر کے پہاڑوں تک (۴) پورا پنجاب (۵) پورا موجودہ صوبہ سندھ اور (۶) راجپوتانہ کا ایک بڑا حصہ شامل تھا۔ پنجاب۔ بلوچستان۔ افغانستان کسی ملک یا صوبہ کا نام نہ تھا۔ یہ نام بعد کی پیداوار ہیں:۔ پنجاب کا اطلاق صرف ان پانچ دریاؤں پر کیا جاتا تھا۔ جو کشمیر کے ایک پہاڑ سے نکل کر اسی حصہ ملک میں بہا کرتے تھے:۔ حکم بن عوانہ ۱۱۰ھ تا ۱۳۰ھ اس حکومت اسلامیہ سندھ کے گورنر رہے۔ انہی کے زمانہ میں محمد بن قاسم کے فرزند عمر بن محمد بن قاسم جو راجہ داہر کی بہن کے بطن سے تھے۔ اسلامی لشکر کے سپہ سالار مقرر ہوئے۔ اور انہوں نے منصوبہ بندی کر کے شہر منصورہ آباد کیا۔ جو بعد میں ترقی کر کے اپنی خوبصورتی اور محل وقوع کے باعث ملک سندھ کا دارالسلطنت قرار پایا۔ مشہور سیاح ابن حوقل نے اپنی کتاب "المسالک والممالک" میں ملک سندھ کے حالات نہایت تفصیل سے قلمبند کئے ہیں جنھیں ہم مختصراً پیش کر رہے ہیں۔ "سندھ بہت بڑا ملک ہے جس میں بکثرت شہر قصبات آباد ہیں۔ انسان یہاں سلامتی اور خوشحالی سے زندگی بسر کر رہے ہیں ایک جانب سمندر ہے۔ دریا اس کے درمیان سے ہو کر گذرتا ہے اطراف میں نخلستان ہے۔ سندھ میں چٹیل میدان بھی ہیں اور ایسے علاقے بھی ہیں جو صرف آب باراں سے سیراب ہوتے ہیں۔ منصورہ

بہت

بارونق شہر ہے اور ملک سندھ کا دارالسلطنت ہے یہ شہر طول و عرض میں تقریباً ایک میل ہے۔ نہر مہران نے جو دریائے سندھ کی ایک شاخ ہے اس کو احاطہ کر رکھا ہے۔ یہ شہر دیکھنے میں ایک جزیرہ معلوم ہوتا ہے (۲) ملتان یہ بھی بڑا بارونق شہر ہے جس کو "فرج بیت الذہب" کہتے ہیں اس کے علاوہ دوسرے چند بڑے اور بارونق شہر (۳) بہماز (۴) راماذان (۵) وردین (۶) تبردر (۷) قامہل (۸) بانہیہ (۹) سندان (۱۰) صیمور (۱۱) کنباہ ہیں۔ جس کا بانی حام بن حضرت نوح علیہ السلام کا پرپوتا کنباج تھا کتب وکنباہ کے متعلق تاریخ فرشتہ کی عبادت سے معلوم ہوا کہ نہروال بن ہند بن حام بن حضرت نوح علیہ السلام کے تین فرزند ہوئے جن کے نام (۱) بروج (۲) مالیراج (۳) کنباج تھے۔ نہروال کے ان بیٹوں کے نام پر تین شہر آباد ہوئے اس عبارت سے صاف ظاہر ہے کہ کنباہ کا بانی حام بن حضرت نوح علیہ السلام کا پرپوتا کنباج تھا۔ ابن حوقل لکھتا ہے ان شہروں کے ساتھ سیکڑوں چھوٹے شہر اور قصبات و دیہات وابستہ ہیں جو خود بھی سرسبز و شاداب اور بارونق ہیں۔ اور بھی دوسرے سیاح حضرات نے بھی ملک سندھ کے حالات اپنے سفر ناموں میں لکھے ہیں۔ مگر ہم یہاں اختصار کی خاطر صرف ایک نام بشاری مقدسی کا اور پیش کر رہے ہیں انکا پورا نام شمس الدین ابی عبداللہ محمد بن احمد بن ابی بکر البناء الشامی المقدسی المعروف بالبشاری" ہے اور انکا سفر نامہ "احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم" کے نام سے مشہور ہے "ملک سندھ" کی سرخی کے تحت۔ پیداوار، خوشحالی۔ عدل و انصاف رہن سہن کے حالات

لکھنے کے بعد چند بڑے اور معروف شہروں کے نام بھی لکھے ہیں۔ جنہیں ہم مختصراً تحریر کر رہے ہیں۔

(۱) دیبل یعنی موجودہ کراچی (۲) منصورہ (۳) بانیہ (۴) کنبیہ (۵) کیلار (۶) سندریج (۷) مائیل (۸) قالری (۹) بلری (۱۰) البہرج (۱۱) منماتری (۱۲) شروسان (۱۳) الرور (۱۴) سوبارہ (۱۵) کنباص (۱۶) ھمور وغیرہ وغیرہ۔

تواریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے سندھ ایک مثالی حکومت بن چکی تھی اور عرب کے قبائل تلاش معاش میں ہجرت کر کے جوق در جوق سندھ کی طرف آ رہے تھے۔ چنانچہ ۱۱۰ھ میں گورنر سندھ حکم بن عوانہ کے ہمراہ منذر بن زبیر بن عبدالرحمن بن ہبار بن آسود بن مطلب بن آسر بھی وارد سندھ ہوئے۔

اور شہر بانیہ میں سکونت پذیر ہو گئے۔ ایک زمانہ ایسا بھی آیا کہ عمر بن عبدالعزیز ہباری آسدی متوطن شہر بانیہ نے۔ عمران گورنر سندھ پر غلبہ پاکر اسکو قتل کر دیا۔ اور خلیفہ بغداد متوکل عباسی سے سندھ کی گورنری کا پروانہ حاصل کر کے متوکل کے پورے دور خلافت میں یہاں کے گورنر رہے۔ متوکل عباسی کے قتل ہونے کے بعد یہ حکومت سندھ خود مختار ہو گئی۔ اور یہ خود مختار حکومت ۳۷۴ھ تک انہی کی اولاد میں متوارث رہی۔ ابن حوقل نے اپنے سفر نامہ میں لکھا ہے کہ شہر بانیہ سے دارالسلطنت سندھ شہر منصورہ ایک منزل ہے اور شہر بانیہ سے شہر کنباہ تک پانچ منزل ہے۔ اس اسلامی حکومت میں تقریباً تین لاکھ شہر۔ قصبات و دیہات شامل ہیں جو نہایت بارونق۔ خوش منظر و خوشحال ہیں۔ یہاں کا حاکم بادشاہ کہلاتا ہے۔ بادشاہ کے پاس اسی ہاتھی ہیں تمام ہاتھی زرہ بکتر سے آراستہ ہوتے

ہیں ہر ہاتھی کے ساتھ پانچسو پیدل اور چھ ہزار سوار ہوا کرتے ہیں۔ آل خاندان نے سندھ کی سلطنت کو گلزار بنادیا ہے۔ منصورہ۔ بانیشٹ اور کنباہ میں نہایت عالیشان اور خوبصورت مساجد ہیں جہاں نماز جمعہ بڑی پابندی سے ہوتی ہے۔ یہاں کے لوگ عربی اور سندھی بولتے ہیں۔

مگر بقولے ہر کمال را زوال۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ یہ عظیم الشان سلطنت قرامطہ کے ہاتھوں تباہ ہوگئی۔ اور یہاں آباد تمام عربی انسل شیوخ اور سادات۔ جان و مال۔ عزت و آبرو کی خاطر کنب وکنباہ کی طرف نقل مکانی کر گئے۔ یہ عباسی حکومت کے سرحدی اور محفوظ مقام تھے۔ جن کو اپنا مسکن قرار دے دیا۔

جب سلطان محمود غزنوی نے قرامطہ کا خاتمہ کر کے سلطنت سندھ پر اپنی حکومت قائم کر لی تو اکثریت واپس آکر شہر ملتان میں ساکن ہوگئی مگر کنب وکنباہ سے تعلق قائم رکھا۔ اور لقب مکانی شامل رکھا عربوں میں قاعدہ تھا کہ لقب مکانی کے اعتبار سے یا تو مقام کے ساتھ "ی" شامل کرتے تھے یا پھر "و"۔ شامل کرتے تھے۔ جیسے ہند سے ہندو۔ یعنی ہند کا رہنے والا اس طرح کنب وکنباہ کے حضرات نے اپنے نام کے ساتھ کنبوی لکھنا شروع کر دیا۔ اور اپنے کو اسی لقب مکانی سے مشہور کیا۔

دیکھئے کشمیر کا ایک معزز خاندان دہلی آکر نہر کے کنارے آباد ہوگیا تو نام کے ساتھ نہرو شامل ہوگیا۔

پنڈت موتی لال نہرو۔ پنڈت جواہر لال نہرو۔ اسی طرح اور خاندان ہیں مثلاً۔ نارو۔ بارھی۔ نونہروی۔ ماورا لنہری۔ وغیرہ وغیرہ۔

پنجاب کی مشہور قوم راول "کا نام اس راول ندی کی مناسبت سے پڑا جس کے کنارے پر شہر راولپنڈی آباد ہے۔

دریائے جہلم پہ آباد شہر۔ جہلم شہر کے نام سے مشہور ہوا۔
حافظ جلال الدین سیوطی۔ کے متعلق انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کا مصنف لکھتا ہے کہ انکا خاندان بغداد میں آباد تھا۔ آخری نویں پشت سے سیوط میں آباد ہو گیا۔ اسیوط۔ مصر کا ایک زرخیز شہر تھا جو دریائے نیل کے مغربی جانب آباد تھا۔ اسیوط کے شروع سے الف، گرا دیتے ہیں یا اسطرح اسیوط سے سیوطا اور سیوط سے سیوطی ہو گیا۔

شہر واسط:۔ حجاج بن یوسف "نے آباد کیا یہ فارس کا ایک مشہور شہر ہے عرب کا نہیں مگر سادات یہاں آکر سکونت پذیر ہو گئے۔ اور لقب مکانی کے اعتبار سے اپنے کو واسطی کہنے لگے۔ ان میں سید ابوالفرح واسطی کی اولاد بکثرت پھیلی۔ کچھ نے بارہہ آباد کیا اور کچھ نے بلگرام۔ اسی واسطے سے ان کی اولاد اپنے نام کے ساتھ واسطی و بلگرامی لکھتی ہے۔ پس اسی مناسبت سے کنب و کنباہ کے سکونت پذیر حضرات نے لقب مکانی کنبوی اپنے نام کے ساتھ شامل رکھا۔ کتب و تواریخ میں کنبوی لکھا ہوا ہے مگر "ن" کے ساتھ "م" کے ساتھ نہیں اکثر تلفظ بھی بدل جاتا ہے عام طور پہ حضرات سگنل کو سنگل اور ریلین ٹرن کو لالٹین ہی کہتے ہیں اور کان اس تلفظ کے عادی ہو چکے ہیں۔

لقب مکانی کنبوی کے ساتھ تواریخ سے چند نام پیش نظر ہیں، (۱) اپنے وقت کے مشہور بزرگ۔ عابد۔ زاہد۔ متقی و پرہیزگار عارف کامل مخدوم شیخ جمالی رحمۃ اللہ علیہ کنبوی ملتانی دہلوی (۲) عہد اکبری کے صدر الصدور عالم و فاضل مخدوم شیخ گدائی کنبوی ملتانی دہلوی۔
(۳) عمدۃ الملک۔ رکن السلطنت۔ مؤتمن الدولہ شہر اللہ کنبوی المعروف نواب شہباز خان۔ گورنر و سپہ سالار شہنشاہ اکبر (۴) عمدۃ

الملک نواب کرم اللہ خان کنبوی۔ جنکو شاہ کشمیر یوسف خان کے پاس سفیر بنا کر بھیجا گیا۔ علاوہ بریں ہمیشہ اعلیٰ مناصب پر فائز رہے شہنشاہ معظم جلال الدین محمد اکبر بذات خود کئی مرتبہ ان کے مہمان رہے (بحوالہ تواریخ)

غرضکہ یہ حضرات جہاں بھی آباد ہوئے لقب مکانی نہ چھوڑا اور اپنے کو کنبوی ملتانی کنبوی دہلوی کنبوی الہ آبادی۔ کنبوی بریلوی۔ کنبوی مرٹھی۔ کنبوی امروہوی۔ کنبوی کشمیری۔ کنبوی سنبھلی وغیرہ۔ لکھتے رہے اور اسی طرح تواریخ میں تحریر ہیں۔ یہ کنبوی حضرات اپنی شجاعت۔ ذہانت۔ دیانت۔ سچائی اور اخلاق حمیدہ کے باعث ہر دور میں اونچے سے اونچے مقام پر فائز رہے۔ عالی نسب حضرات میں قدرتی طور پر اولوالعزمی۔ سچائی۔ وفاداری۔ حیا۔ حلم وکرم۔ امانت جیسے صفات ضرور ہوں گے دوسروں کو جن اخلاق کی تحصیل کے لئے محنت کرنی پڑتی ہے وہ اعلیٰ نسب والوں میں طبعی طور پر موجود ہوتے ہیں عالی نسب حضرات میں انتظام اور تربیت کا عنصر دوسروں کی نسبت کچھ زیادہ ہی ہوتا ہے۔ چنانچہ مطالعہ سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہ السلام ہمیشہ عالی نسب پائے گئے۔ اللہ تعالیٰ نے انکو تمام امور میں اعلیٰ وافضل قرار دیا۔ کیونکہ اقوام کی رہنمائی حقیقتاً ایک پیغمبرانہ عمل ہے۔

رسول خدا کا فرمان ہے کہ اپنے نسب سے واقفیت حاصل کرو نسبی شرافت کے لئے حسبی شرافت لازمی ہے۔ حسب سے مراد صفاتِ ذاتی اور خاندانی سے ہے اور اسکا مدار حقیقتاً اطوار و خصائل حمیدہ پر ہے۔

مسلمانوں کے مختلف خاندانوں نے جب ہندوستان پر حکومت کی تو ہر زمانہ اور ہر عہد میں کنبوی حضرات کا نام اعلیٰ عہدوں پر نظر آتا

ہے۔ شاہی زمانہ میں اعلیٰ مناصب پر فائز رہے اس دور میں
ان کا ذریعہ معاش اعلیٰ عہدوں کی تنخواہیں تھیں یا بادشاہی معافیات و
املاک وجاگیریں۔ اعلیٰ مناصب کے علاوہ ان میں نامور مشایخ علماء۔
فضلا۔ شعراء۔ اطباء۔ کے نام بھی تواریخ میں بکثرت نظر آتے ہیں جب انگریزی
عملداری قائم ہوئی تو ملکی انتظام کے لئے قابل حضرات کی خاص ضرورت
تھی۔ لہذا یہ حضرات اپنی سابقہ عالی مقامی کے باعث اس دورِ حکومت
میں بھی اعلیٰ مناصب پر نظر آتے ہیں :۔ دیکھئے بنی فاطمہ پر خلفائے بنی
عباس کے مظالم بھی بنی امیہ کی بے رحمیوں سے کم نہ تھے ان خلفا کے دور
حکومت میں بھی جو واقعات پیش آچکے ہیں تواریخ کے اوراق میں محفوظ
ہیں۔ سرزمین بغداد گواہ ہے سادات کے خون کی ندیاں بہائی گئیں۔
مکانوں کی دیواروں میں زندہ چنوائے گئے سولی پر چڑھائے گئے۔ نہ جان
محفوظ تھی اور نہ مال۔ لہذا تحفظ جان ومال کی خاطر سرزمین ہند کی اسلامی
سلطنت کی طرف ہجرت کرتے رہے۔ اپنی سیادت چھپائی۔ طریق عبادت
ظاہری بدل کر حال وقال کی محفلیں جمائیں اور تبلیغ اسلام میں مشغول ہو گئے
صوفیائے کرام کی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں تقریباً
نوے فیصد حضرات سادات ہیں اور باقی وہ بزرگ حضرات ہیں جو ان کی
خدمت۔ عقیدت اور اپنی ریاضت کے باعث ان کے خلفا اور سجادہ
قرار پائے۔

بہت ممکن ہے کہ دنیائے دوں۔ نیرنگئ زمانہ سفلہ پرور بوقلموں
کے باعث ہی حضرتِ کمال الدین رحمتہ اللہ علیہ نے ملک سندھ کی طرف
ہجرت فرمائی ہو۔

جیسا کہ نوشتۂ ابو مخنف بن لوط بن خزائی سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت

بہاء الدین ذکریا سہروردی ملتانی - زبدۃ الاتقیا و خلاصۃ الاولیا۔ از مشائخ کبار است و ہند از غبار آستانِ او سر رفعت بر آسمان دارد:-

جد بزرگوارش حضرت کمال الدین رحمۃ اللہ علیہ از مکہ معظمہ بخوارزم آمدہ بود و از آنجا قلعۂ الاسلام تشریف ارزانی فرمودہ ساکن گشت آما چون در کمال صلاح و تقویٰ بود اہل آن ہلدہ قدومش را بہ اعزاز و اکرام تلقی نمودند و مریدانہ پیش آمدند۔ اُو در انجا دختر مولانا سید حسام الدین ترمذی را کہ در مکارم اخلاق و وفور دانش شہرت یافتہ بہ عقد وجیہہ الدین آورد۔ سید حسام الدین ترمذی کہ در زمان چنگیز خان جلائے وطن شدہ در ہندوستان آمدہ و در قلعۂ کوٹ کرور کہ سلطان محمود غزنوی در مدتِ جہانگیری و کشور کشائی از مسخر ساختہ بُود توطن داشت الغرض چون بہاء الدین ذکریا دوازدہ سالہ شُد وجیہہ الدین برحمتِ حق پیوست و بہاء الدین ذکریا سفر خراسان اختیار کرد و انجا در صحبتِ بزرگان دین رسید و کسب فیوض نمودہ بہ بخارہ شتافت و بہ تحصیل علوم ظاہری پرداختہ بہ پلئے اجتہاد رسید۔ و شہرت عظیم یافتہ ابو مخنف بن لوط بن خزائی نے اپنی عبارت میں لفظ "مشائخ کبار" استعمال کیا ہے۔ مشائخ شیخ کی جمع ہے۔

لفظِ شیخ ان تمام بزرگ حضرات کے نام کے ساتھ جو مسندِ ہدایت اور سجادہ مشیخیت و طریقت پر متمکن ہوتے تھے خواہ وہ نسباً عربی النسل تھے یا عجمی الاصل۔ ہاشمی تھے یا غیر ہاشمی۔ فاطمی تھے یا غیر فاطمی۔ اکثر و بیشتر شیخ کا لقب مستعمل تھا۔ ایک ولیٔ کامل کے نام کے ساتھ شیخ کے لفظ کا استعمال نہ تو مشیخیت نسبی کا قطعی ثبوت ہے اور نہ عدم سیادتِ نسبی کو ظاہر کرتا ہے۔

حضرت بہاء الدین ذکریا سہروردی ملتانی کے صاحبزادے اور سجادہ نشین حضرت صدر الدین رحمتہ اللہ علیہ کی اولاد میں آپ کے دو فرزندوں نے شہنشاہ ہند کی ملازمت اختیار کر لی تھی۔ اور اپنی بہادری قابلیت اور ستودہ صفات کے باعث شہنشاہ اکبر کو اپنا گرویدہ بنا لیا تھا۔

(۱) شہر اللہ (۲) کرم اللہ۔

شہر اللہ۔ عمدۃ الملک۔ رکن السلطنت۔ موتمن الدولہ نظام الدین نواب شہباز خاں کے نام سے مشہور ہوئے صوبہ۔ بہار بنگال کشمیر مالوہ اور دکن کے گورنر رہے اور سپہ سالار کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

سجع مہر یوں تھا۔

بر یمن عنایات صاحبقرانی۔ رسیدم خدمت بہ شہباز خانی (۲) عمدۃ الملک نواب کرم اللہ خان۔ ہمیشہ اعلیٰ مناصب پر فائز رہے شہنشاہ نے بادشاہ کشمیر یوسف خان کے پاس سفیر بنا کر بھیجا۔

غرضکہ اپنی اعلیٰ خدمات کے صلہ میں معافی کی جاگیر سے بھی سرفراز فرمائے گئے جو شہر دلی سے روہیلکنڈ ضلع بریلی منتقل کر دی گئی تھی۔ یہ جاگیر معافی حسب ذیل مواضعات پر مشتمل تھی۔

(۱) کھوجی پورہ (۲) رمپورہ (۳) تلسم پور (۴) میتا پور (۵) کلوا گانڈہ (۶) لبدھرن (۷) موندھیا جاگیر۔ بشمول دیگر سات گاؤں کے جو بعد میں ریاست رامپور کے زیر انتظام چلے گئے۔ جبکہ نواب صاحب رامپور کو برٹش گورنمنٹ نے ایک بہت بڑا علاقہ حاکم روہیلکنڈ نواب حافظ رحمت خان کے خلاف مدد کرنے پر عطا کیا

تھا۔ ان مواضعات کا روپیہ بعد منہائی اخراجات ریاست رامپور سے ہمارے بزرگوں کو ملتا رہتا تھا مگر جب نواب صاحب رامپور نے اپنے دربار میں حاضری کی شرط لگادی تو ہمارے بزرگوں نے انکار کر کے مواضعات سے دستبرداری دیدی۔ شہر بریلی میں نواب کرم اللہ خان کے تینوں فرزند

(۱) نواب عبدالرحیم عرف نواب عبدالحکیم خان (۲) نواب غلام حسین خان (۳) نواب محمد روشن خان۔ سکونت پذیر ہو گئے۔ اور یہ جاگیر معافی انکا ذریعہ معاش رہا۔ جو انکی اولادیں بہ حصہ شرعی تقسیم ہوتی رہی۔ کانگریس حکومت نے برسر اقتدار آتے ہی اپنے مفاد میں زمینداری ختم کر کے تمام ہندو مسلمان زمینداروں کو برائے نام میعادی شکل بانڈس اور کچھ نقد رقوم دیکر اس موروثی زمینداری اور تعلقداری کا خاتمہ کر دیا۔ مگر زمینداری ختم ہونے کے بعد بھی صحرائی خودکاشت آراضی۔ کھلیان۔ باغات وغیرہ ابھی موجود ہیں جو وطن میں مقیم حضرات کا ذریعہ معاش ہیں:۔ اس کے علاوہ بزرگوں کی وقف کردہ جائیداد کا روپیہ بھی حکومت ہند سے ملتا ہے جو امام بارگاہ اور نذر نیاز کے نام سے وقف کر دیا گیا تھا۔

یہ شجرہ جو اسوقت کتاب کی صورت میں آپ کے سامنے موجود ہے نواب کرم اللہ خان سے ان کی اولاد کو ملا جو دستی تحریر میں مسلسل آگے بڑھتا رہا مگر میرے نانا مرحوم کے چھوٹے بھائی جو میرے حقیقی پھوپا بھی تھے ۱۹۴۳ء میں انتقال فرما گئے۔ میرے یہ پھوپا نواب خورشید حسن خان تقریباً پچاس سال تک نواب کرم اللہ خاں کی اولادیں پیدا ہونے والوں کے نام کا اضافہ کرتے رہے۔ مگر ان کے بعد یہ سلسلہ بالکل ختم

ہوگیا تھا جب اس خانوادے کے لوگ پاکستان آگئے تو یہاں شجرے کی ضرورت محسوس کی گئی۔ چنانچہ میں نے اپنے برادر عزیز نواب زادہ آفتاب حسین ابن نواب خورشید حسن خان مرحوم سے وہ دستی تحریری شجرہ منگوا کر نقل کیا۔ یہ شجرہ اس قدر بوسیدہ اور دیمک خوردہ ہوچکا تھا کہ بعض مقامات کی تحریر سمجھ میں نہ آسکی۔ صرف ضروری حصے نقل کر دیئے گئے ہیں تاکہ شجرے میں شامل حضرات کو اپنا سلسلہ نسب معلوم ہوسکے اس میں ہر ایک کا دادیہالی و ننھیالی سلسلہ موجود ہے۔

شامل شجرہ حضرات اپنا سلسلہ تلاش کرکے اس کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ سہولت کے واسطے اس کتاب میں سادہ صفحات کا اضافہ کر دیا گیا ہے یہ شجرہ اصل کی صحیح نقل ہے۔ جیسا لکھا ہوا ملا نقل کرکے کتابی صورت میں پیش کیا جارہا ہے۔ پھوپا مرحوم کے بعد میں نے اس میں چند ناموں کا اضافہ کر دیا ہے۔ اس شجرے کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ نواب کرم اللہ کا سلسلہ حضرت حسین اصغر کے ایک صاحبزادے سید عبداللہ اول مشہور بہ لقب عبداللہ اعرج سے ملتا ہے جناب حسین اصغر حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے فرزند تھے۔ بہرحال اس دیمک خوردہ شجرے سے جو کچھ ملا اور جس قدر ملا پیش نظر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب اس شجرے کے کتابی صورت میں پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں میرے اعزا نے جس خلوص کے ساتھ۔ قدمے۔ درمے مری حوصلہ افزائی فرمائی میں ان تمام محترم حضرات کا خلوص دل سے ممنون و مشکور ہوں۔ حقیقتاً یہ ان تمام اعزا کی کرم نوازی کا نتیجہ ہے

جو یہ کتابی صورت میں آپ کے سامنے موجود ہے۔ امید ہے کہ تمام اعزاء و اقربا اس شجرے کے مطالعہ کے ساتھ مجھ ناچیز کو بھی دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔ فقط

والسلام

احقر

افتخار حسین نسیم المعروف اعظمؔ صاحب بریلوی
(علیگ)

متوطن و مقیم کراچی۔

پاکستان

۷۸۶

گذارشات

(۱) میں نے اس شجرہ مبارکہ کو تقابلی حیثیت سے موازنہ کر کے دیکھا اور صحیح پایا۔

(۲) لفظ کنبوہ کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اس کی حیثیت محض سماعی اور افواہی ہے۔

(۳) حقیقت یہ ہے کہ یہ لفظ عربی زبان کا لفظ تھا۔ کثرت استعمال سے اس میں صوتی اور مکتوبی تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں۔ یہ لفظ اپنے مادہ اور مصدر کی حیثیت سے آج بھی لغت (ڈکشنری) میں موجود ہے۔ اسکا تین حرفی مادہ ۔ک۔ن۔ ب ہے۔ اور اسکا مصدر "کَنَب" یا "کنباً" ہے۔ اسکا مذکر ماضی "کَنَبَ" ہے۔ معنی:

اور یہ تمام مصدری حکمرانی اور درشت مزاجی کے لئے بولے جاتے ہیں ......

وہ سخت و درشت ہو گیا
وہ آمیر و رئیس ہو گیا
کوئی چیز ذخیرہ کر لی۔
سخت دل۔ تنگ دل اور بے درد ہو جانا۔

مضارع۔ "یکنُبُ" یعنی۔ وہ رئیس و آمیر بنتا ہے۔ سخت جان اور درشت مزاجی اختیار کرتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ

ابتدا میں اس کی فطری صورت "کَنَبَہٗ" تھی۔ یعنی وہ سردار بنا رئیس و حکمران بنا اور "کنبہٗ" ہی سے اس نے "کنبوہٗ" کی صورت اختیار کی جو فطری عربی صورت کے بالکل قریب ہے۔ ہوا یہ کہ ایک ہی لفظ کو دو ٹکڑوں میں "کن بُوہ" کر دیا گیا۔

(۴) یہ قریشی سازش تھی کہ خانوادہ رسولؐ کا شجرۂ نسب قیدار سے ملادیا گیا۔ حالانکہ قیداری نسل قبل مسیحؑ عرصہ دراز پہلے تباہ ہوگئی تھی۔

"تورت مرکز انسانیت"

(۵) حضرت علی علیہ السلام نے جواب میں فرمایا تھا کہ "آنا الکُوتی انَّبطی"

میں شہر کوث کا رہنے والا اور حضرت نابتؑ کی اولاد سے نسبطی ہوں۔

ارض القران جلد نمبر ۲ صفحہ ۵۸ - ۵۹

از علامہ السید سلیمان ندوی

لہٰذا ہم "نبتی یا نبطی" ہیں قیداری نہیں

(۶) حضرت عبدالمطلبؑ کے بیٹوں میں (۱) حضرت ابوطالبؑ (۲) حضرت عبداللہ (۳) حضرت حمزہؑ کے علاوہ باقی تمام جعلی اولاد نرینہ کو ساقط فرمادیں۔ یہ قریشی فراڈ ہے جو سب کے دلوں میں رچ گیا ہے۔

الفقیہ الحکیم ، سید محمد احسن زیدی۔ ایم ایس۔ سی
ڈاکٹر آف ریلیجیس سائنس

اظہار حقیقت

از قلم عالیجناب سید افضال حسین صاحب نقوی المعروف فضل فتحپوری۔

۷۸۶

جیساکہ محققینِ انساب اور علمائے لغاتِ عربی کا خیال ہے اور بجا طور پر بڑا صائب خیال ہے کہ لفظ "کنبوہ" پر جو کچھ بھی رطب و یابس لکھا گیا یا کہا گیا وہ محض سماعی اور افواہی ہے اور اس کی افسانوی اور آساطیری حیثیت سے زیادہ کوئی وقعت نہیں ہے۔ فی الحقیقت کثرت استعمال سے صوتی اور مکتوبی تبدیلیاں واقع ہوتی رہی ہیں۔ اپنے مادّہ اور مصدر کے لحاظ سے یہ لفظ عربی لُغت سے ماخوذ ہے جسکا مادّہ "ک۔ ن۔ ب" ہے۔ اسی مصدر سے مختلف صورتیں ظہور پذیر ہوئیں۔ مثلاً "کَنْبَہُ" نے "کنبوہ" کی صورت اختیار کر لی۔

"کَنْبَہُ" (یعنی وہ سردار بنا یا رئیس و حکمران بنا) اس خانوادے کے معزز و محترم حضرات چونکہ سرداری اور ریاست سے سرفراز ہوتے رہے ہیں لہٰذا یہی لفظ اس خانوادے کا امتیازی نشان بن گیا۔

یہی لوگ بعد میں۔ کمونہ۔ کنبوہ۔ کنبوی۔ کہلائے۔ کتاب مجالس المومنین تصنیف قبلہ نور اللہ شوستری رحمتہ اللہ علیہ "المعروف بہ شہید ثالث" نے یہ لفظ بھی کمونہ سے مستعار لیا ہے۔ ان کے سادات عالی درجات و صاحبِ القابہ و اقتدار اور سرزمین عراق کے معروف خاندان ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ سید فاضل میر محمد قاسم عالم علم انساب مختاری سبزواری کے بموجب سادات کوفہ مشہور بہ سادات کمونہ قبائلِ کوفہ میں سے تھے۔ اور زمانہ قدیم سے

نقابت و ریاست "سادات عراق" کی خصوصاً "سادات کوفہ" کی انہی کے خاندان میں رہی اور ان میں بڑے پائے کے علماء و فضلا بکثرت پیدا ہوئے۔ بنی کمونہ کے جد "کمکہ" عبداللہ رابع کی نسل سے تھے جن کا سلسلۂ نسب عبداللہ ثالث سے ملتا ہے اور ان کا سلسلۂ نسب عبداللہ ثانی تک پہنچتا ہے۔ اور ان کا سلسلۂ نسب عبداللہ اوّل تک پہنچتا ہے۔ جو حضرت حسین اصغر کی اولاد میں ہیں۔ اور حضرت حسین اصغر حضرت امام زین العابدین کی اولاد تھے۔ اس طرح کمونہ عابدی سید ہیں۔ البتہ ایک سوال یہ ضرور پیدا ہوتا ہے کہ بنی کمونہ نے آخر اپنے کو عابدی کیوں نہیں لکھا، تو شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ نقبائے عراق کے منصب کے لئے یہ لفظ اس مقتدر خانوادہ نے اپنے لئے مختص کر لیا ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔ بہر صورت یہ بات بغیر کسی تامل اور تردد کے ایک اٹل حقیقت ہے کہ علم و اقتدار اس خاندان کا امتیازی درجہ رہا ہے۔ اور ہر عہد اور ہر زمانہ میں علم و اقتدار ان کی میراث رہی ہے۔ اگر اقتدار ان کے ہاتھ سے چلا بھی گیا تو زمامِ علم ان کے ہاتھ سے کبھی نہیں چھوٹی۔

مجھے دورِ حاضر یعنی قیامِ پاکستان کے دوران اگر اس خانوادہ کے کسی مقتدر علمی شخصیت سے دوستی، شناسائی اور قلبی لگاؤ کا افتخار حاصل ہوا تو وہ میرے عزیز ترین دوست مرحوم حسین انور تھے۔ خداوندِ عالم حسین انور پر ابد الآباد تک اپنی رحمت کاملہ نازل کرے، بڑے نفیس، نستعلیق، شفیق اور باکمال انسان تھے۔ علم دوستی حسین انور کا طرۂ امتیاز تھا۔ سادات کی جو خوبیاں زبان زدِ خاص و عام ہیں وہ سب کی سب حسین انور میں موجود تھیں۔ حسین انور بڑے سچے، بھولے اور فرشتہ سیرت انسان تھے۔

حسین انور ایک کہنہ مشق صحافی، ایک خوبصورت ناول نگار اور ایک

بے بدل غزل گو تھے، مجتبیٰ حسین انور کی پچاس غزلوں کے مجموعے "دشتِ احساس" کو کتابی شکل دینے اور چھپوانے کا مجھ کو ہی افتخار حاصل ہے۔ "دشتِ احساس" جدید غزل کی آبرو ہے اور یہ جدید غزل گوئی کا وہ نقطۂ آخر اور نقطۂ کمال ہے جہاں تک کسی عہد کا کوئی بھی شاعر مشکل ہی سے پہنچ سکتا ہے۔

مجتبیٰ حسین انور کے بڑے صاحبزادے عزیزی اسد انور نے اپنے خاندان کا شجرہ لا کر مجھے دیا۔ میں نے مذکورہ شجرہ کو تقابلی حیثیت سے موازنہ کر کے دیکھا اور صحیح پایا۔ یہ چند سطور سپردِ قلم کر دیں تاکہ اظہارِ حقیقت کا موجب بن سکیں۔

احقر العباد
سید افضال حسین نقوی
فضل فتحپوری (ایم۔ اے)

۱۲ ۳/۸۴ ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تاریخی کتب کی روشنی میں (اقتباسات)

بنی کمونہ

نقل تحریر از کتاب "مجالس المومنین"

تصنیف: جناب قبلہ ملا قاضی نور اللہ شوشتری رحمتہ اللہ علیہ

معروف بہ شہید ثالث (مدفون آگرہ)

بنی کمونہ: ان کو بنی عبد اللہ بھی کہتے ہیں۔ ان کا خاندان بہت بڑا ہے۔ یہ لوگ سادات عالی درجات، اور حسب و نسب میں مشہور ہیں۔ اپنی کثرت تعداد اور اقتدار کے لحاظ سے تمام سرزمین عراق میں معروف ہیں۔ دراصل ان کا نام "بنی کیلہ" ہے۔ یہ لوگ "شکر الاسود، بن جعفر النفس، بن ابی الفتح محمد نقیب کوفہ" کی اولاد ہیں۔

عوام نے ان کے نام میں تحریف کی اور یہ "بنی کمونہ" مشہور ہو گئے اور یہ لفظ مشہور غلطیوں میں سے ہے۔

سید فاضل میر محمد قاسم، عالم علم انساب، مختاری سبزواری (اپنی بعض کتابوں میں) لکھتے ہیں کہ سادات کوفہ مشہور یہ سادات کمونہ، نقیبہائے کوفہ میں سے تھے۔ اور زمانۂ قدیم سے نقابت و ریاست "سادات عراق" کی خصوصاً سادات

کوفہ کی۔ انہی کے خاندان میں تھی۔ اور ان میں علماء و فضلاء بکثرت تھے۔
"سید مرتضیٰ علم الہدیٰ" کے زمانے میں یہ لوگ اُن کی نیابت کرتے اور نقیب بغداد و
عراق ہوا کرتے تھے اور بڑے نقیبا میں ان کا شمار ہوتا تھا ہیں سے یہ بات ظاہر ہوتی
ہے کہ جناب سید مرتضیٰ علم الہدیٰ جن لوگوں کو ایسے مراہم کے قابل سمجھیں یہ لوگ
یقیناً عالی درجات ہوں گے۔ ان کے "جد مکرمہ" عبداللہ رابع کی نسل سے تھے کہ جن کا
سلسلۂ نسب عبداللہ ثالث تک اور اُن کا سلسلۂ نسب عبداللہ ثانی تک اور
ان کا سلسلۂ نسب عبداللہ اول تک پہنچتا ہے۔ جو حضرت حسین اصغر کی اولاد ہیں۔
اور حضرت حسین اصغر حضرت امام زین العابدینؑ کے فرزند تھے۔

عبداللہ ثالث! کہ جن کی ابو طیب نے اپنے دیوان کے پہلے قصیدہ میں
مدح سرائی کی ہے۔ اُن کے بیٹس فرزند تھے۔ جن میں سے آٹھ فرزند صاحب اولاد
ہوئے۔ جن کی اولادِ ذکور اب تک باقی ہے۔ یہ لوگ تمام کوفے کے مالک تھے،
چنانچہ ان کے واسطے مشہور ہے کہ:

اَلسَّمَاءُ وَالْاَرْضُ لِبَنِیْ عَبْدِ اللّٰہِ

یعنی زمین و آسمان سب اولادِ عبداللہ کا ہے۔ اور اس سے مراد "عبداللہ
ثالث ہیں"۔ اور عبداللہ اول: کہ جن کا لقب "عبداللہ اعرج" تھا نہایت مشہور و
معروف ہیں۔

ان کی حکایات میں مشہور ہے کہ یہ "ابوالعباس سفاح" خلیفہ عباسیان
کے پاس گئے تو اُس نے بہت تعظیم کی اور ایک علاقہ اُن کو بطورِ معافی نذر
کیا کہ جس کی سالانہ آمدنی اُس زمانہ میں (۸۰۰۰۰) اسی ہزار اشرفی تھی۔ جس کو وہ ہمیشہ
سادات اور فقراء پر تقسیم کیا کرتے تھے۔ نیز خراسان بھی گئے اور ابو مسلم خراسانی
نے اور تمام اہلِ خراسان نے بہت تعظیم و تکریم کی۔ اور ہر طرح سے آمادۂ خدمت

رہے۔
اِس خاندان کے متاخرین میں سے "سید محمد کمونہ" ہیں۔ مشہد نجف اشرف کے نقیب تھے۔ اور تمام شیعانِ عراق کے رئیس تھے۔
جس زمانے میں بادشاہ غفران پناہ۔ "شاہ اسمٰعیل صفوی" عراق عرب فتح کرنے کی غرض سے گئے تو بازنگ بیگ نے خوف کے سبب قلعہ بندی کا ارادہ کیا چونکہ وہ سید محمد کمونہ مذکور سے بدظن تھا۔ لہٰذا اُن کو اسیر کر کے قلعہ بند ہو کر لڑنا شروع کیا لیکن آخرکار جب اس نے دیکھا کہ یہاں کے رہنے والے شیعہ ہیں بالاتفاق اُس کی مخالفت کریں گے، تو وہ ڈر کر بھاگ گیا۔ اہلِ بغداد نے "سید محمد کمونہ" کو اُس اندھیرے کنوئیں سے نکالا۔ اور خطبہ وسکہ بادشاہ کے نام پر جاری کیا۔ جب بادشاہ ممدوح بغداد پہنچے تو سید صاحب کو عتباتِ عالیات کا متولی کیا۔
بہت سے سوار معہ پیادہ وطبل وعلم اُن کے ماتحت کئے۔ اب تک منصب اور تولیت اُن کی اولاد میں باقی ہے

افتخار حسین قسیم بریلوی

نام :۔ شہر اللہ نظام الدین ——— خطاب :۔ نواب شہباز خاں
ابتداً زہد وعبادت میں بسر کرتے رہے۔ بعدہٗ ملازمتِ شاہی اختیار کرلی۔ پہلے کوتوال" اُردوئے معلیٰ مقرر ہوئے۔ سولہویں سال جلوس اکبر بادشاہ میں لشکر خان ۔ میر بخشی، اپنے منصب سے سبکدوش ہوتے تو یہ تمام مناصب نواب شہباز خان کو دیئے گئے۔
بحوالہ منتخب التواریخ۔ سید شہر اللہ کنبوی کو شہباز خاں کا خطاب عطا کر کے "میر بخشی" کیا گیا اور مسجع مُہر لوگوں مقرر ہوا ہے"

بہ یمنِ عنایاتِ صاحبقرانی
رسیدم زخدمت بہ شہباز خانی

صاحبِ طبقاتِ اکبری لکھتے ہیں کہ " نواب شہباز خان کنبو از اُمرا ء دو ہزار وبست امروز حکومت بخشی گیری مالوہ دارد۔

پھر رفتہ رفتہ مناصب میں اضافہ ہوا اور سپہ سالاری کے عہدوں پر فائز رہے۔

تشریح لفظِ "کنبو، وکنبوی"

مولانا شیخ زین العابدین عرف شیخ تو ہن۔ جدا مجد مادری شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے " مصباح العارفین " میں تحریر کیا۔ کنبو، کنبوی، میں واؤ نسبت کا ہے۔ جیسا کہ " ہندو " میں یعنی منسوب " بہ کنہنب " جو مقام کا نام ہے۔

شمس العلماء۔ مولانا محمد حسین آزاد دہلوی بہ ضمنِ حالات " شیخ گدائی کنبوہ " تحریر فرماتے ہیں کہ ان کے والدِ بزرگوار " شیخ جمالی " سکندر لودھی کے عہدِ حکومت میں شعراء باکمال میں شمار ہوتے تھے اور " شیخ جمالی کنبوی دہلوی " کہلاتے تھے۔

علامہ ابو الفضل، آئینِ اکبری میں پورا نام اس طرح تحریر فرماتے ہیں۔

" میر علی تقی عرف شیخ گدائی کنبو "

آگے چل کر کتاب کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ گدائی ساداتِ عظام سے تھے۔ مگر عبارت میں " لفظِ شیخ " اور " لفظ کنبو " بھی ہمرشتہ ہے۔

چونکہ شیخ گدائی دربارِ اکبری میں خاص مقام رکھتے تھے اور عہدۂ جلیلہ پر فائز تھے اس لئے خاص طور پر اُن کا ذکر موجود ہے۔

افتخار حسین عفی عنہٗ

از رسالۂ مبارک

(۱) نصیب خان مورخ (۲) حکیم ابو الفتح گیلانی (۳) نواب عبد الرحیم خان خانِ خاناں۔

ہم نے عرب و عجم کی کتابوں میں دیکھا ہے کہ حضرت عمر ابن خطاب کے عہدِ خلافت میں جب لشکرِ اسلام ممالکِ فارس و خراسان کی تسخیر کے لئے، زیرِ کمان پسرِ حضرت عبد اللہ ابن زبیر (حضرت رواح بن عبد اللہ) مامور ہوا تو حضرت علی نے باسوار و پیادہ ہائے بیشمار ولایتِ فارس کے فتح کرنیکا حکم دیا۔
چنانچہ حضرت رواح بن عبد اللہ نے ایک دریا کے کنارے جو کہ "سرزمین اور ملکِ عرب" کے درمیان حائل تھا چھاؤنی ڈالی۔ اور باشندگانِ سرزمین کو مشرف بہ اسلام کیا۔ حضرت رواح بن عبد اللہ اور اُن کے لشکری زبان فارسی سے ناواقف تھے اور باشندگانِ فارس زبانِ عربی سے نابلد تھے۔ اس لئے اہلِ فارس اُن کے وعظ و نصائح کے فہم سے عاجز رہتے۔ اور کہتے کہ ہم اس "مجلسِ کم گویاں" سے بہرہ نہیں رکھتے۔ ایک سردار نے ایک ترجمان کے ذریعے اِن سے فیض حاصل کیا۔ اور اِن بزرگوں کو خطابِ "کم گویان" سے مخاطب کیا۔ جب حضرت عبد اللہ ابن زبیر کو آگہی ہوئی تو آپ نے "کم گو" کے معنی سے مطلع ہو کر اپنی اولاد کو اس لقب کے استعمال کی اجازت مرحمت فرمائی۔ چنانچہ "کم گو" کا لفظ حضرت عبد اللہ ابن زبیر کی اولاد کا لقب مقرر ہو گیا۔ اُنھوں نے دریائے مذکور پر سکونت اختیار کر کے قصبہ جات آباد کرنا شروع کر دیئے۔ اطراف و جوانب سے لوگ وہاں آ کر آباد ہو گئے۔

اور علاوہ مسلمانوں کے غیر مسلم جو کسب معاش اور خدمت کے خیال آباد ہو گئے
وہ بھی اس لقب سے مشہور ہو گئے پھر یہ باعث تغیر و تبدل تصبجات ویران
ہو گئے اور لوگ مختلف مقامات پہ آباد ہو گئے۔ اور لفظ کم گو بمرور زمانہ "کنبوہ"
بن گیا۔ ان میں سے کچھ لوگ صاحب السیف سلطان محمود غزنوی کے ہمراہ ہندوستان
آئے اور بعد فتح و ظفر سرزمین ہند پہ آباد ہو گئے اور حسب ضرورت مختلف
مقامات پر سکونت پذیر ہوتے رہے اس کے بعد جب ترکان تاتار کا فتنہ اٹھا
تو وہ لوگ بھی جو غیر مسلم تھے ہندوستان میں چلے آئے اور لفظ کنبوہ کو ترک
نہ کیا۔

تحریر رسالۂ مبارک پر ایک نظر

حضرت خلیفہ ثانی کے عہد خلافت میں۔ رواح بن عبداللہ بن حضرت
زبیرکا۔ تسخیر فارس کے واسطے روانہ ہونا دریا کے کنارے اقامت اختیار کرنا اور
"کم گو" کے لقب سے مشہور ہونا خاص اہمیت رکھتا ہے جو رسالۂ مبارک میں
خاص طور سے پیش کیا گیا ہے۔ حضرت خلیفہ ثانی سنہ ۶۳۴ء مطابق سنہ ۱۳ھ مسند
آرائے خلافت ہوئے اور ½ ۱۰ برس کی خلافت کے بعد سنہ ۶۴۴ء مطابق سنہ ۲۳ھ
شہید کر دیئے گئے (بحوالہ سنن اسلام صفحہ نمبر ۳۸ - ان کے عہد خلافت میں
ایران کامل طور پر مفتوح ہو گیا تھا۔ آخری لڑائی نہاوند یہ ہوئی جس میں یزد
گرد شہنشاہ ایران مغلوب ہو کر فرار اور بعد میں عدم پتہ ہو گیا۔

(سنین اسلام ص۲۰) ۶۴۲ء مطابق ۲۲ھ میں
جنگ نہاوند وقوع پذیر ہوئی جس کو "فتح الفتوح" کے نام سے یاد کیا گیا۔
(بحوالہ اولیۃ الکرام فی ذکر خلفا عرب دالاسلام در بیان حضرت عبداللہ ابن زبیر)
اگر کوئی لشکر رواح بن عبداللہ بن زبیر کے زیر کمان بھیجا گیا ہے تو وہ اس سال تک بھیجا جا چکا ہوگا۔ کیونکہ اس کے بعد ایران ممالک محروسہ میں شامل ہو چکا تھا۔

حضرت عبداللہ ابن زبیر ۷۳ھ میں ۷۲ سال کی عمر میں۔ ۹ برس کی پُرآشوب خلافت کے بعد شہید ہو گئے۔ یعنی حضرت عبداللہ ابن زبیر ۱ھ میں بمقام مدینہ پیدا ہوئے۔ (بحوالہ اولیۃ الکرام)

وہ سب سے پہلے مسلمان مولود تھے جو بعد ہجرت پیدا ہوئے تھے۔ ان کی ولادت پر خاص طور پر سب کو اس لئے مسرت ہوئی تھی کہ یہودیان مدینہ نے مشہور کر دیا تھا کہ ہم نے مسلمانوں پر جادو کر دیا ہے۔ ان کے یہاں کوئی لڑکا پیدا نہیں ہوگا۔ اس حساب سے حضرت عبداللہ ابن زبیر کی عمر جنگ نہاوند کے وقت اکیس برس کی ہوئی اور اگر فرض کر لیا جائے کہ ۱۸ برس کی عمر میں اُن کے یہاں سب سے پہلا لڑکا پیدا ہوا جو رواح تھا۔ تو اس حساب سے جنگ کے وقت رواح بن عبداللہ کی عمر ۳ سال ہوگی۔

اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ حضرت عبداللہ ابن زبیر کا بڑا فرزند یعنی "رواح" اس وقت پیدا ہوا جب کہ حضرت عبداللہ کی عمر ۱۶ سال کی تھی۔ تو اس حساب سے بھی رواح کی عمر جنگ نہاوند کے وقت پانچ (۵) سال کی نکلتی ہے۔ اگر بحث کی خاطر ہم کم سے کم عمر فرض کریں پھر بھی ۱۴ سال ضرور لئے جائیں گے۔ اس حساب سے جنگ نہاوند کے وقت رواح کی عمر سات سال کی قرار دی

جا سکتی ہے۔ کیا اس عمر کے بچے کو فوجِ گراں کا کمانڈر بنا کر تسخیرِ ملک کے واسطے بھیجا جا سکتا ہے۔

علامہ جرجی زیدان مصری۔ لکھتا ہے کہ قبلِ اسلام فوجوں کی سرداری عمر کی بڑائی پر منحصر تھی۔ بزرگ ترین انسان کو سردار بناتے تھے۔ چنانچہ اسی بنا پر حرب ابنِ اُمیہ کو سردار اور افسرِ اعلیٰ مقرر کیا گیا تھا۔

(از تاریخِ تمدنِ اسلام حصہ اوّل)

علاوہ ازیں کتب و تواریخ میں مسلمان مؤرخوں نے اُن سردارانِ فوج، اور بہادرانِ جنگ آزماں کے نام نہایت تفصیل سے لکھے گئے ہیں۔ جن کی سرکردگی میں افواجِ اسلام تسخیرِ ممالک و اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے روانہ کی گئیں مگر عبداللہ ابنِ زبیر کے صاحبزادے "رداح" کا نام کسی تاریخ میں نظر نہیں آتا۔

اگر اس مجہول روایت میں "رداح" کے بجائے عبداللہ ابنِ زبیر" کو پیش کیا جاتا تو تردید کے واسطے بجائے چند سطور کے چند اوراق لکھنا پڑتے۔ مگر غنیمت ہے کہ راوی نے ہمارا بہت بڑا بوجھ ہلکا کر دیا۔

اگرچہ عبداللہ ابنِ زبیر کو بھی صرف "ولایت طرابلس الغرب" اور شمالی افریقہ" فتح کرنے کا قابلِ امتیاز فخر حاصل ہے نہ کہ "ولایت ایران کا"۔

اُن کے کوئی صاحبزادے اس قابل نہیں تھے۔ کہ ان ایام میں تسخیرِ ممالک پر مامور کئے جاتے۔ نہ ہی ان کا نام "کم گو" ہوا۔ اور نہ "کنبو" کی یہ وجہِ تسمیہ ہے۔ بعض حضرات سلسلۂ نسب "مصعب ابنِ زبیر سے ملاتے ہیں۔

(۲) منشی فیض احمد صاحب کنبو ماہروی۔ مصنف "المشاھیر" نے نواب محمد مبارک علی خاں صاحب کی رائے سے اختلاف فرماتے ہوئے لفظ "کنبو"

کی وجہ تسمیہ یہ فرمائی کہ "کنبو" میں واؤ نسبتی ہے یعنی منسوب "بہ کنبب" جس کی سکونت کے باعث یہ نام مشہور رہا۔ آگے چل کر تحریر فرماتے ہیں: "کنباہ" ایک دریا ہے اُس کے کنارے کچھ حصہ زمین کو کنباہ کہتے ہیں۔ جہاں قدما عرب اور بغداد سے آکر آباد ہوئے پھر جہاں جہاں گئے لقب "کنبو" ساتھ ساتھ رہا۔

(۳) "مؤلف سلسلہ عالیہ" زبیری کنبو ہیں۔ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ مسلمانوں نے سندھ پر غلبہ پاکر "کنباہ" گجرات میں سکونت اختیار کی، جس کے باعث وہ بھی ہندوؤں کی طرح "کنبو" کے نام سے موسوم ہو گئے۔ ورنہ ان میں باہمی کوئی تعلق نہیں ہے۔ (سلسلہ عالیہ صفحہ ۱۹۱)

غرضکہ اس قسم کی مختلف روایات ملتی ہیں۔ مگر اِن جملہ دعاوی میں سے کسی کا کوئی ثبوت معتبر درج نہیں کیا گیا۔

اگر کسی قصبہ یا دریا کے نام سے "کنبوہوں کو" منسوب تصوّر کیا جائے۔ جیسا کہ دعویٰ کیا جاتا ہے تو اُن کا نام "کنبی" "منسوب بہ کنبب" یا "کنبوی" ہونا چاہیے۔

---

(۱) اکبر نامہ (۲) تاریخ فرشتہ۔ اور (۳) آئینِ اکبری۔ میں کنبو اُمراء کے نام کے بعد صاف طور پر "لفظ کنبو" لکھا ہوا ہے۔ مثلاً "شہباز خاں کنبو، شیخ گدائی کنبو، شیخ جمالی کنبو" غرضکہ جن کنبو اُمراء کا ذکر ان کتابوں میں آتا ہے وہاں اُن کے نام کے ساتھ کنبوی کے بجائے "کنبوہ" تحریر ہے۔ زبیری بزرگوں میں سے سب سے پہلے جن بزرگ کا ذکر کتب و تواریخ میں درج ہونا بیان کیا جاتا ہے وہ جناب قبلہ شیخ سماء الدین رحمتہ اللہ علیہ ہیں۔

نوشتۂ آبو مخنف بن لوط ابن یحییٰ خزاعی رحمۃ اللہ علیہ
(ذکر داخل شُدن مشائخ)

حضرت ذکریا سہروردی ملتانی زبدۃ الاتقیا و خُلاصۃ الاولیا از مشائخ کبار است و ہندراز غبار آستانِ اُو سر رفعت بر آسمان دارد۔ جدّ بزرگوارش سید کمال الدین رحمۃ اللہ علیہ از مکۂ معظمہ بخوارزم آمدہ و از آنجا بقبۃ الاسلام تشریف ارزانی فرمودہ ساکن گشت۔ آنجا چون در کمالِ صلاح و تقویٰ بود۔ اہل بلدہ قدو مخش را بہ اعزاز ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

اِکرام تلقی نمودند و مرید نیز بیش گشتند۔ اُو در آنجا دختر مولا سید حسام الدین ترمذی را کہ در مکارمِ اخلاق و وفورِ دانش شہرت یافتہ بہ عقد۔ سید وجیہ الدین آورد۔ الغرض چوں سید بہار الدین ذکریا دوازدہ سالہ شد۔ سید وجیہہ الدین برحمتِ حق پیوست۔ و سید بہار الدین ذکریا سفرِ خراسان اختیار کرد۔ و آنجا در صحبتِ بزرگانِ دین رسیدہ۔ کسبِ فیوض نمودہ بہ بخارہ شتافت بہ تحصیلِ علومِ ظاہری پرداختہ بہ پائے اجتہاد رسید و شہرتِ عظیم یافتہ۔

لفظِ شیخ

اس سے، شیخ۔ سید۔ مغل۔ پٹھان مُراد نہیں ہے بلکہ لفظ شیخ ہمیشہ محترم و بزرگ حضرات کے واسطے احتراماً استعمال ہوتا ہے۔ جس طرح انبیاء میں حضرت نوح نبی اللہ کو "شیخ الانبیاء" کہا جاتا ہے۔ اور شیخ کی جمع مشائخ ہے۔ صوفیائے کرام کے ساتھ "شیخ اور خواجہ" کے الفاظ ہمیشہ احتراماً استعمال ہوتے رہے ہیں۔ اسی طرح حضرت بہار الدین ذکریا سہروردی ملتانی کے واسطے "ذکر داخل شدن مشائخ" احتراماً استعمال ہوا ہے۔

کیونکہ وہ سرزمینِ ہند پر وہ بزرگ ترین صوفیائے کرام میں شمار ہوتے ہیں۔
حضرت معین الدین چشتی رحمتہ اللہ علیہ ساداتِ عظام میں سے تھے۔ مگر
تحریر کردہ فارسی عبارت ملاحظہ فرمائیے لفظ "خواجہ" ہم شتہ ہے۔ جو
احتراماً استعمال ہوا ہے۔

عبارت فارسی

حضرت خواجہ معین الدین چشتی حسنی الحسینی رحمتہ اللہ علیہ

پورِ غیاث الدین حسین از ساداتِ حسینی است در پانصد و سی و ہفت (۵۳۷ھ) در
قصبۂ سنجر متولد شد، و در پانزدہ سالگی پدر آن جانی شد۔ در ماہ رجب
المرجب بروز شنبہ سال ششصد و سی و سہ (۶۳۳ھ) (۲۱ مئی ۹۲۹ء) بہ ملک تقدس
فراش فرمود۔

خواجہ صاحب برائے تبلیغ ۵۰۵ھ میں اجمیر تشریف لائے۔ جب کہ یہاں
راجپوت حکومت تھی۔ آپ کی دعا کی برکت سے شہاب الدین محمد غوری
نے راجپوتوں کو شکست دے کر دہلی اور اجمیر پر قبضہ کر لیا۔

(آپ کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ملکہ تھا)

(برائے تفصیل: سیر الاقطاب و خزینۃ الاصفیا ملاحظہ ہو)

شہنشاہ جلال الدین اکبر
کا فرمان
شہباز خان کے نام

(اُردو ترجمہ)

جب سے خدائے بے نیاز کی درگاہ کا میانہ روی کو اختیار کرنے والا۔ اور عدل و انصاف کی نیت اور ارادہ رکھنے والا یہ نیاز مظہر خدا کے سایہ کی طرح تختِ شاہی پر سایہ فگن ہوا ہے۔ تمام رعایا باشندے اور جملہ مخلوق جو خدا کی بہترین امانت اور اُس کی قدرتِ کاملہ کے عجیب و غریب نمونے ہیں اس بادشاہ کے عدل اور مہربانی کے سایہ میں خوش حال اور آزاد ہیں۔ اور خدا کا شکر ادا کرتے ہیں کیونکہ خدا کا شکر ادا کرنے سے نعمت میں ہمیشگی ہوتی ہے۔ اور سعادت و نیکی میں ہمیشگی ہو جاتی ہے۔

خدا کا شکر ہے کہ روز بروز اس قسم کے حالات خاطر خواہ قوت سے فعل کی طرف آتے جاتے ہیں۔ خالص دل رکھنے والے امیر، عدل و انصاف کی فطرت رکھنے والے حاکم، جن کے معاملات قبولیت کی کسوٹی پر مقبول و مشرف ہوتے ہیں۔ مسلسل ملک کے تمام اطراف میں عدل کی شاہراہ پر چلتے ہیں اور انصاف کی داد دیتے ہیں۔ اور اپنی پسندیدہ خدمات کی وجہ سے منظورِ نظر ہو کر بلند مرتبوں اور اُونچے اُونچے عہدوں پر ترقی پاتے ہیں۔

چونکہ شہباز خاں بادشاہ کا مزاج دان، بادشاہ کی خاص نظرِ کرم کا مرکز اور سلطنتِ مغلیہ کا مقرب ترین شہباز رہا ہے۔ ابتدائے ملازمت سے انتہا تک جو

کام بھی سپرد کیا گیا ہمیشہ مرضی کے مطابق بڑی خوبی سے انجام دیا۔ سچائی، سعادتمندی اور صالحانہ خدمات کی وجہ سے وہ ممتاز ہے۔ لہٰذا ہم نے انتہائی عنایت و کمال مہربانی کے طور پر حکم صادر کیا اور صوبہ مالوہ کی حکومت اس کا دوبست، مجملہ ملکی امور، جاگیرداری، زمینداروں کے اموال کا ضبط کرنا، اور انھیں عطا کرنا، وغیرہ وغیرہ امور شہباز خاں کو سونپ دیئے۔ تاکہ وہ شہروں کے بسانے، گاؤں آباد کرنے، بندوبست کرنے، سپاہیوں کی حفاظت، ٹوٹ پھوٹ کی مرمت رعایا کی دیکھ بھال، فتنہ برپا کرنے والوں کی بربادی، سرکشوں کی سرکوبی، کمزوروں کی مدد، ظالموں کی تنبیہہ، مظلوموں کی تائید، خستہ حال لوگوں کی درستی میں پوری پوری کوشش کرے، اور اس طرح پر امور مملکت انجام دے کر سپاہیوں تابعداروں اور امیروں کا کھانا، اور عہدے داروں کا مقررہ جس طرح بادشاہ کی طرف سے معین ہے۔ وقت کے مطابق بغیر کسی کوتاہی کے اُن کو پہنچاتا ہے اس صوبے کے تمام زمینداروں، جاگیرداروں، امیروں اور مہاجنوں کو چاہیئے کہ شہباز خان کو مستقل حاکم صوبہ جان کر اس کی رائے کے مطابق عمل کریں۔ اور اس کے حکم کے خلاف نہ چلیں، جب بھی وہ طلب کرے بغیر کسی تاخیر کے اس کی خدمت میں حاضر ہوں تاکہ بادشاہ کا حکم جاری ہو اور جو کوئی شہباز خان کے صلاح و مشورے پر عمل نہ کرے اس کی جاگیر کو بدل کر بادشاہ کی اعلیٰ درگاہ میں اطلاع دے تاکہ اس کی جگہ کسی دوسرے مخلص و فرماں بردار آدمی کا تقرر کیا جائے۔ کیونکہ سلطنت کا انتظام اور عالم کو سجانے کا تعلق ہم سے وابستہ ہے۔ اس طرح تمام شاہی احکام اور قوانین پر سلطنت و خلافت کی بنیاد قائم ہے۔ ان پر ثابت قدم رہ کر اُن آئین کی اشاعت میں پورا پورا اہتمام کرے۔ اور اس میں اپنی سعادت اور بہبودی جان کر ہمیشہ طرح طرح کی روز

بروز بڑھنے والی مہربانیوں کا امیدوار بنے۔

چونکہ آج کل شاہی لشکر دکن کی طرف متوجہ ہے کہ وہاں کے حاکموں نے غافل ہو کر ظلم و ستم اور دست درازی شروع کر دی ہے اور شاہی عنایتوں کی قدر نہیں کی اور اطاعت چھوڑ دی ہے۔ شہباز خان کو چاہیئے کہ بہت جلد صوبہ دکن پہنچ کر اس کام کو اس طرح انجام دے کہ تعریف کا سبب بنے۔ جب اقبال کے جھنڈے گوالیار میں شکار کے لئے کوچ کریں گے تو شہباز خان کو صوبہ مالوہ کے تمام جاگیرداروں کے ساتھ روانگی کا حکم صادر ہوگا کہ دکن جا کر اس علاقے کی دیکھ بھال کرے۔ اور دکن کے باشندوں کی بھلائی و آرام، اور فوج کی اچھائی کے لئے کوشش کرے۔ جو کوئی عقیدت کے طور پر بے جبینی کا اظہار کرے اس کو (ظل الٰہی) بادشاہ کی مہربانیوں کا امیدوار بنائے۔ کیونکہ ہماری مقدس اور پاکیزہ ذات بخشش اور درگزر کرنے والی ہے۔

مہر شہنشاہ معظم

سلسلۂ نسب حضرت محمد مصطفٰےؐ خاتم الانبیاء

۱۔ بحوالہ حیات القلوب۔ علامہ مجلسی علیہ الرحمہ

۲۔ تاریخ گلزار شمس تبریز رحمتہ اللہ علیہ۔

جناب محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن مغیرہ المعروف، بن عبدالمناف بن قصیٰ بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن حزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اُدس بن آدد بن الہمع بن الیسع بن ہلموع بن سلامان بن ثابت بن جمال بن قیدار بن حضرت اسمٰعیل علیہ السلام بن حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ بن تارخ بن ناخور بن ساروغ بن آرغو بن قالع بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن حضرت نوح علیہ السلام بن فلک بن برکہل بن متوشلخ بن اخنوخ بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن آنوش بن شیث علیہ السلام بن حضرت آدم علیہ السلام

جناب عبدالمناف کے پانچ فرزند

(۱) ہاشم (۲) مطلّب (۳) ذہیب (۴) نوفل (۵) عبدالشمس اُمیّہ

حضرت ہاشم کی اولاد :- (۱) شیبۃ الحمد عرف عبدالمطلبؑ (۲) ابو صیفی (۳) اشعث (۴) آسد (۵) رقیّہ (۶) جلاوہ (۷) صفیہؓ

حضرت عبدالمطلب کی اولاد :- (۱) حضرت ابوطالب (۲) حضرت حمزہ (۳) حضرت عبداللہؑ بعض حضرات نے ان بزرگوں کے علاوہ حسب ذیل نام بھی اولاد میں شامل کیے ہیں (۴) عباس (۵) زبیر (۶) حارث (۷) حجل (۸) غیداق (۹) ضرار (۱۰) مقوّم (۱۱) ابولہب (۱۲) عبدالکعبہ (۱۳) قشم (۱۴) مبّرہ (۱۰) اُروے دختر (۱۶) آمیمیہ دختر (۱۷) عاتکہ دختر (۱۸) صفیہؓ دختر (۱۹) اُم الحکیم دختر

حضرت عبداللہؑ بن حضرتِ عبدالمطلب کی اولاد :- جناب رسولخداؐ محمد مصطفےٰؐ

حضرت رسولخداؐ کی اولاد :- (۱) حضرت فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا (۲) حضرت ابراہیم (۳) حضرت عبداللہؑ ملقب بہ طیّب و طاہر (۴) حضرت قاسم (فرزندان صغیر سن فوت شد)

حضرت فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا :- زوجہ حضرت علی ابن ابیطالب علیہ السلام

اولاد :- (۱) حضرت حسنؑ (۲) حضرت حسینؑ (۳) حضرت محسنؑ در بطنِ مادر شہید شد (۴) حضرت زینب سلام اللہ علیہا (۵) حضرتِ اُمِ کلثوم سلام اللہ علیہا۔

حضرتِ علی المرتضیٰ۔ بن حضرتِ ابوطالب بن حضرت عبدالمطلب۔ کی اولاد از جنابہ فاطمۃ الزہرہ اُوپر ملاحظہ فرمائیں و دیگر ازواج کی اولاد حسب ذیل ہے۔ (۶) جناب ابوالقاسم محمد حنفیہ (۷) حضرتِ

عباس علیہ السلام شہید کربلا۔ (۸) حضرت عبداللہؓ اصغر شہید (۹) حضرت عثمان اکبر شہید (۱۰) حضرت محمدؓ اصغر شہید (۱۱) حضرت ابوعبداللہؓ جعفر شہید (۱۲) حضرت عون شہید (۱۳) ابو محمد عبداللہؓ اکبر شہید (۱۴) عبداللہؓ ابو علی (۱۵) ابوالحسینؓ یحییٰ (۱۶) محمدؓ اوسط (۱۷) ابوالقاسم عمرؓ و (۱۸) عباس اصغر (۱۹) جعفر اصغر (۲۰) عثمان اصغر (۲۱) زینب کبریٰ (۲۲) زینب صغریٰ (۲۳) اُمِ کلثوم صغرا (۲۴) ام کلثوم کبریٰ (۲۵) فاطمہ (۲۶) اُمِ الحسن (۲۷) اُمِ ہانی (۲۸) خدیجہ (۲۹) امامہ (۳۰) اُمِ جعفر (۳۱) اُمِ الکرام (۳۲) رملہ کبرا (۳۳) میمونہ (۳۴) رقیہؓ کبرا (۳۵) اُمِ سلمہ (۳۶) رملہ صغرا (۳۷) اُمِ کلثوم صغرا (۳۸) رقیہؓ صغرا زوجہ حضرت مسلم شہید۔

حضرت امام حسنؑ۔ ابن علیؑ بن ابوطالبؑ۔

تعداد ازواج از اقوال مختلف تعدادی ۴۶ تا ۳۰۰ =

تعداد اولاد از بطنِ مختلف :۔ (۱) حضرت قاسم شہید کربلا (۲) حضرتِ عبداللہؓ اکبر شہید (۳) حضرتِ عبداللہؓ اصغر شہید۔ (۴) ابوبکر (۵) عمرؓ (۶) احمد (۷) حسین آشرم (۸) زید کثیر النسل (۹) عبدالرحمٰن (۱۰) محمد اصغر (۱۱) جعفر (۱۲) علی اصغر (۱۳) علی اکبر (۱۴) طلحہ معروف بہ جواد (۱۵) محمد اکبر (۱۶) حسن اصغر (۱۷) عقیل ...... (۱۸) حسنِ مثنیٰ شوہر فاطمہ بنت الحسینؑ (۱۹) یعقوب (۲۰) اسمٰعیل (۲۱) حمزہ (۲۲) فاطمہ (۲۳) اُمِ الحسنِ (۲۴) اُمِ الحسین (۲۵) اُمِ الخیر (۲۶) اُمِ عبدالرحمٰن (۲۷) سکینہ (۲۸) رملہ (۲۹) رقیہؓ (۳۰) فاطمہ زوجہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام (۳۱) اُمِ سلمہ (۳۲) اُمِ عبداللہ۔

حضرتِ امام حسین علیہ السلام۔ تعداد ازواج علاوہ کنیزان

ازواج : (۱) حضرت شہر بانو بنت یزدگرد شہنشاہ ایران (۲) حضرت اُمِّ لیلیٰ (۳) حضرت اُمِّ رباب (۴ - ۵) دیگر خوردہ تھے۔

اولاد: امام زین العابدین سید سجاد علیہ السلام۔

(۲) حضرت علی اکبر ہمشکلِ پیغمبر شہید کربلا۔ (۳) حضرتِ علی اصغر شہید کربلا۔ (۴) جعفر۔ (مَاتَ فی حیاتِ آبیہ) (۵) محمد (۶) سکینہ (۷) زینب (۸) فاطمہ زوجۂ حضرتِ حسنِ مثنیٰ ابنِ حضرت امام حسن علیہ السلام (۹) صغرا۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام بن حضرت امام حسینؑ علیہ السلام۔

اولاد - از بطنِ جنابۂ فاطمہ بنت حضرت امام حسنؑ و ازواج دیگر۔

(۱) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام (۲) حضرت زید شہید در زمانِ ہشام بن عبدالملک شہید شد (۳) عمر (۴) عبداللہ (۵) حسن (۶) حسین اکبر (۷) حسین اصغر (۸) عبدالرحمٰن (۹) سلیمان (۱۰) محمد اصغر (۱۱) علیؑ فطس (۱۲) خدیجہ (۱۳) فاطمہ (۱۴) اُمِّ کلثوم (۱۵) ملیکہ (۱۶) قاسم (۱۷) اُمِّ الحسن (۱۸) اُمِّ الحسین (بحوالۂ مظہر العجائب)۔

حضرتِ حسین اصغر بن حضرتِ امام زین العابدین علیہ السلام (- کی اولاد)۔

اولاد :- بحوالہ کنز الانساب و تاریخ گلزار شمس تبریزی۔

(۱) نام سید علی سجاد خطاب سید علی دستگیر۔ اِن سے سلسلہ نسب سادات بلگرامی سادات قصبہ داعی پور۔ سادات سانڈی پالی وغیرہ وغیرہ۔

(۲) سید ابو محمد الحسن ملقب بہ سید الحسن ؛۔ ان سے سلسلۂ نسب سادات جلگانہ سادات دہلی۔ سادات آگرہ۔ سادات پنڈورودوری وغیرہ وغیرہ

(۳) سید عبداللہ اول مشہور بہ لقب عبداللہ اعرج - ان سے سلسلہ نسب

سادات میرٹھ۔ امروہہ۔ سنبھل۔ ماہرہرہ۔ زنگی پور۔ لکھنؤ۔ لاہور بریلی وغیرہ وغیرہ۔

سید علی سجاد بخطاب سید علی دستگیر :۔ کی اولاد۔

(۱) سید احمص بن سید علی دستگیر۔ سید موسیٰ بن سید احمص سید حسین احمص بن سید موسیٰ۔ سید محمدؐ عرف شاہ ناصر ترمذی بن سید حسین۔ سید حسن بن سید محمدؐ۔ سید حسین ثانی بن سید حسن۔ سید احمد شحنہؒ بن سید حسن ثانی ؛ سید عمرؓ علی بن سید احمد شحنہؒ سید ابوبکر علی بن سید عمرؓ علی۔ سید حمزہ بن سید ابوبکر علی سید احمد زاہد بن سید حمزہ۔

سادات داعی پور تحصیل میرانکی۔ ضلع فرخ آباد۔

سید احمد ترمذی :۔ عہد سلطان محمود غزنوی میں ہندوستان تشریف لائے اور قصبہ سیانہ میں سکونت پذیر ہوئے نسب انکا حضرت حسن اصغر سے بدین طور تحریر ہے۔

سید احمد زاہد بن سید حمزہ بن سید ابوبکر علی بن سید احمد تحنہؒ مثالِ رسولؐ بن علی کعکی بن سید حسین کعکی ثانی بن سید حسن بن سعد محمد عرف شاہ ناصر ترمذی بن سید حسین محقق بن سید موسیٰ بن سید احمص بن سید علی دستگیر بن حضرت حسین اصغر پسران سید احمد زاہد۔

(۱) سید حسین (۲) سید حامد (۳) سید زید۔ بحوالۂ تحفۃ الانساب کنز الانساب۔ انکی اولاد حسب ذیل مقامات پر آباد ہے۔ (۱) ساڈھورہ۔ سیانہ۔ غازی پور۔ تحصیل راجپورہ ریاست پٹیالہ۔ علی پور۔ چھوڑہ ۔ کالپی۔ وغیرہ وغیرہ۔

سید المحسن کی اولاد :۔ (۱) سید محمدؐ الملقب بالسلق سید محمدؐ الملقب بالسلق بن سید المحسن۔ کی اولاد۔

(۱) سید عبد اللہ بن سید محمدؒ۔ سید علی المرعش بن سید عبد اللہؒ

